# Official Spokesperson's response to media queries regarding situation on Armenia-Azerbaijan border

July 17, 2020

---

## آرمینیا - آذربائیجان سرحد پر صورتحال کے حوالے سے میڈیا کے سوالات پر سرکاری ترجمان کا جواب

17 جولائی، 2020

**آرمینیا - آذربائیجان سرحد پر صورتحال کے حوالے سے میڈیا کے سوالات کے جواب میں سرکاری ترجمان جناب انوراگ سریواستوا نے کہا:**

ہم نے آرمینیا - آذربائیجان کی سرحد پر فائرنگ کے تبادلے کی پریشان کن خبریں دیکھی ہیں جو 12 - 13 جولائی کو رونما ہوئی تھیں۔ اس صورتحال پر ہندوستان کو تشویش ہے کیوں کہ اس سے علاقائی امن اور سلامتی کو خطرہ ہے۔

ہم فریقین سے ضبط نفس کرنے اور سرحد پر امن برقرار رکھنے کے لئے ہر ممکن اقدامات کرنے کی اپیل کرتے ہیں۔ ہندوستان کا خیال ہے کہ تنازعہ کی کوئی پائیدار حل صرف سفارتی مذاکرات کے ذریعے ہی پرامن طریقے سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

اس سلسلے میں ہم آرمینیا اور آذربائیجان کے مابین تنازعہ کے پرامن حل کے لئے یورپی سلامتی و تعاون تنظیم کے منسک گروپ کی جاری کوششوں کی حمایت کرتے ہیں۔

**نئی دہلی**

**17 جولائی، 2020**

**DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release**